خیبر پختونخوا لیبر قوانین کا محنت کشوں پر اطلاق، بل 2012ء

ایک مسودہ قانون.

محنت کشوں پر لیبر قوانین کے اطلاق کی فراہمی.

تمہید:

یہ امر قرین مصلحت ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں محنت کشوں پر لیبر قوانین کے اطلاق کی فراہمی بطریق ذیل کی جائے.

لہذا مندرجہ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے.

1. **مختصر عنوان، اطلاق اور آغاز نفاذ:** (1) ایکٹ ہذا کو خیبر پختونخوا محنت کشوں پر لیبر قوانین کے اطلاق کا ایکٹ 2012ء کے نام سے موسوم کیا جائے.

(2) یہ تمام خیبر پختونخوا پر وسعت پذیر ہوگا.

(3) اس کا اطلاق ان محنت کشوں طبقہ پر ہوگا جو کہ پہلے سے راوج دوسرے قوانین کے زمرے میں نہیں آتے.

(4) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا.

2. **تعاریف:** ایکٹ ہذا میں اصطلاحات اور معنی کی ترتیب اسی طرح لی جائے جو انکو تفویض کئے گئے ہوں، جیسا کہ

(الف) ''اسٹبلشمنٹ'' سے جیسا کہ خیبر پختونخوا انڈسٹریل ریلیشنز ایکٹ 2012ء کے دفعہ 2 کی شق 8 میں تعریف کی گئی ہے (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 16 آف 2010ء) اور بشمول لیبر کنٹریکٹر مراد ہے. اور

(ب) ''صوبہ'' سے صوبہ خیبر پختونخوا مراد ہے.

(ج) ''محنت کشوں'' کوئی بھی ایسا شخص جو بلواسطہ یا بلاواسطہ
کسی بھی اسٹیبلشمنٹ کے دوسرے قوانین کے زیر
اثر معین شدہ مدت سے کم عرصہ کے لیے یومیہ اجرت کی
بنیاد پر عارضی طور پر کام کر رہا ہو

3. **محنت کشوں پر لیبر قوانین کا اطلاق:** نقیص اس امر کے کہ فی الوقت نافذ العمل کسی بھی قانون میں کوئی بھی امر موجود ہو۔ ایکٹ ہذا کے آغاز سے پہلے تمام لیبر نافذ العمل قوانین، رجسٹریشن، تصفیہ تنازعہ سروسز کے لوازم اور اجرت، معاوضہ خطرات صحت کے مقاصد کے لیے صوبہ میں محنت کشوں کے لیے وسعت دی جاتی ہے۔ اس فراہمی کیساتھ کہ ایکٹ ہذا کی دفعہ 2 کے پیراگراف (ج) میں تعریف کردہ تمام لیبر قوانین جو محنت کشوں کے مقاصد کے لیے نافذ العمل سمجھا جائے گا۔

مزید اس فراہمی کیساتھ کہ کسی بھی حوالہ سے محنت کشوں کے بارے میں تمام لیبر قوانین کو اس طرح سے پڑھا جائے جیسا کہ بحوالہ محنت کشوں کے مقاصد کے لیے ایکٹ ہذا میں تعریف کی گئی ہے۔

بیان اغراض و وجوہ۔

مستحسین یہ ہے کہ محنت کشوں پر لیبر قوانین کے اطلاق کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔
لہذا بل ہذا پیش کیا جاتا ہے۔